کرتے ہوئے کہا کہ بنوقابل 4.0 میں 50 ہزار سے زائد طلبہ وطالبات آئی ٹی کی تعلیم حاصل کریں گے۔

کیا جائے گا، مرکزی جلوس صبح بہاراں گلشن عسکری قدافی ٹاؤن سے مین نیشنل ہائی وے قائد آباد 12 ربیع الاول صبح

فوری حل کیے جائیں، میلاد وتقریبات جلوس وجلسوں کو مناسب سیکیورٹی فراہم کی جائے۔

پی ایل کے قطر یا سندھ میں کرا

سندھ سے مشاورت کے بعد کیا جا

سنی تحریک کے تحت تاجدار ختم نبوت کانفرنس سے علما و دیگر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سنی تحریک کے زیر اہتمام ایم اے جناح روڈ پر تاجدار ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں علما کرام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، سنی تحریک کے ملک بھر سے آنیوالے رہنماؤں نے شرکت کرکے اپنے خیالات کا اظہار کیا، مرکزی صدر سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی یہ ختم نبوت کانفرنس بتارہی ہے یہ نظریے کے پیچھے اور مشن کے پیچھے چلنے والے لوگوں کا اجتماع ہے، آج کے اس اجتماع میں شہدا کے بچے بھی موجود ہیں، یہ نبیؐ کے غلاموں کا اجتماع ہے، ہماری کانفرنس اور اجتماع سے لوگوں کی نیندیں حرام ہوجاتی ہیں جو ہم سے نفرت کرتا ہے ہم اس کے دماغ میں رہتے ہیں، ختم نبوت کا آئین اور قانون ہمارے اکابرین کا تحفہ ہے ہمارے 10 ہزار لوگوں نے اس تحریک کے لیے جان قربان کی ہے، سنی تحریک کے مرکزی سیکریٹری جنرل علامہ بلال سلیم قادری شامی نے کہا کہ ختم نبوت کے آئین اور قانون کے لیے ہزاروں مسلمانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں، ہم سنی بریلوی ہیں ہم عشق آقائے دو جہاں کی محبت میں اعلیٰ حضرت کے پیروکار ہیں یہ وہ مشن ہے جس کی آبیاری ہمارے شہدا نے اپنے خون سے کی ہے، سنی تحریک ملک کی واحد ایسی جماعت ہے جو یارسولؐ اللہ کہنے والوں کی ہے، سنی تحریک کے قائدین نے اس تحریک کو اپنا خون دیا ہے۔

واٹر کارپوریشن: کرپٹ افسران نے شہریوں کا پانی بند کردیا

فیڈرل بی ایریا کے بلاک 15 اور 9 میں کئی دنوں سے پانی کی فراہمی متاثر ہے، مکین

ایکسرے لگا کر رہائشی علاقے کا پانی بند کرکے کمرشل علاقوں کو فراہم کیا جارہا تھا

ایم ڈی واٹر کارپوریشن کرپٹ افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں مبینہ طور پر کرپٹ افسران کی وجہ سے پانی کی فراہمی شدید متاثر ہوگئی ہے ان علاقوں میں جہاں پانی کی فراہمی معمول کے مطابق جاری تھی ان علاقوں میں بھی پانی کی فراہمی متاثر ہے اطلاعات کے مطابق فیڈرل بی ایریا کے بلاک 15 اور 9 میں کئی دنوں سے پانی کی فراہمی شدید متاثر ہے جس پر علاقہ مکینوں نے واٹر کارپوریشن کے مبینہ کرپٹ افسران کا ایک سسٹم پکڑ لیا یہ ایکسرے لگا کر رہائشی علاقے کا پانی بند کرکے کمرشل علاقوں (باقی صفحہ 5۔نمبر 68)

سابق آئی جی گوہر زمان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، مقررین

سی پی او میں سابق آئی جی کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے تعزیتی اجلاس ہوا

آئی جی وسابق پولیس حکام کی شرکت، فرزند نے والد کی خدمات پر روشنی ڈالی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرحوم سابق آئی جی پولیس گوہر زمان کی خدمات کے اعتراف میں انھیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے تعزیتی اجلاس آئی جی سندھ غلام نبی میمن اور آل فارمرز آئی جیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے اشتراک سے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ہوا، اجلاس میں آل فارمرز آئی جیز ایسوسی ایشن سندھ کے صدر اظہر فاروقی سمیت ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران، مرحوم آئی جی کے اہل خانہ وسی پی او کے افسران نے شرکت کی، اجلاس کے شرکا کو ڈی آئی جی ٹی اینڈ ٹی کی جانب سے مرحوم آئی جی پی گوہر زمان کی زندگی اور سندھ پولیس کے لیے کی جانے کاوشوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی، اجلاس میں مرحوم آئی جی پی کے فرزند شاہد زمان نے اپنے والد کی خدمات پر روشنی ڈالی، آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے کہا کہ گوہر زمان نرم خو اور دردمندانہ احساس رکھنے والی شخصیت تھے، گوہر زمان مرحوم نے جو سندھ پولیس کے لیے فلاحی کام کیے ہیں وہ آج بھی جاری ہیں، پولیس ٹریننگ کالج سعید آباد میں گوہر زمان کی خدمات سے ہی ملا کیونکہ اس وقت انھوں نے حکومت سے اراضی کی منظوری لی تھی ڈی آئی جی ٹی اینڈ ٹی شرجیل نے کہا کہ گوہر زمان مرحوم کی زندگی اور شاندار پولیس کیریئر ہمارے لیے ایک مثال ہے۔

اسٹیٹ بینک ہاؤسنگ سوسائٹی کے رہائشی احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

اسٹیٹ بینک ہاؤسنگ سوسائٹی کے رہائشیوں کا لینڈ گریبر کیخلاف احتجاج

کراچی (پ ر) اسٹیٹ بینک ہاؤسنگ سوسائٹی کے رہائشیوں نے سوسائٹی کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا جس میں جماعت اسلامی کے رہنما سید قطب، عدنان شریف کراچی گرینڈ الائنس کے چیئرمین اسلم خان، کراچی ریزیڈینس فورم کے منظر نقوی و دیگر نے بھی شرکت کی، مظاہرین کا کہنا تھا کہ لینڈ گریبر اجمل نے سوسائٹی کی بدعنوان انتظامیہ کے ساتھ مل کے سوسائٹی کے رفاہی پلاٹ پر قبضہ کیا ہوا ہے اور احتجاج کرنے پر لینڈ گریبر اجمل اور اس کے ساتھی اب رہائشیوں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں، پوری جماعت اے اسلامی اسٹیٹ بینک کے رہائشیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ہم کسی لینڈ گریبر کو نہیں چھوڑیں گے، اسلم خان نے کہا ہم نے پہلے بھی آواز اٹھائی تھی اور اب بھی ہر طرح سے رہائشیوں کے ساتھ ہیں اور لینڈ گریبر اور اسکے سرپرستوں کو انجام تک پہنچائیں گے۔

موجودہ حالات میں گیس کی قیمت نہ بڑھائی جاتی

عمران

کولگیٹ پامولیو (پاکستان) لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی-74200

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کولگیٹ پامولیو (پاکستان) لمیٹڈ کا 46واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مؤرخہ 27 ستمبر 2024 بوقت شام 3:30 بجے بمقام پاکستان اسٹاک ایکسچینج آڈیٹوریم، پاکستان اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ کراچی میں منعقد کیا جارہا ہے، اجلاس ہذا میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع/ویڈیو لنک بھی شرکت کی جاسکتی ہے جس میں درج ذیل امور پر کاروائی کی جائے گی:

امور عمومی

1۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے بابت مالی سال اختتامیہ 30 جون 2024 معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور انھیں اپنانا۔

2۔ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2024 کیلئے حتمی نقد ڈیویڈنڈ 34.50 بتناسب 345% کا اعلان کرنا۔ یہ ڈیویڈنڈ 22.50 روپے عبوری نقد ڈیویڈنڈ بتناسب 225% کے علاوہ ہے جس کی ادائیگی پہلے ہی کی جاچکی ہے۔

3۔ آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

امور خصوصی

4۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 معہ خواندگی ایس آر او 389(1)/2023 مؤرخہ 21 مارچ 2023 مجریہ ایس ای سی پی کے تحت اس بات کی منظوری دینا کہ کمپنی کی سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ، چیئرمین جائزہ رپورٹ وغیرہ) ممبران کو بذریعہ کارآمد کیو آر کوڈ اور ویب لنک ارسال کی جائے، اور درج ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا بلاترمیم پاس کیا جائے:

"قرار دیا جاتا ہے کہ کولگیٹ پامولیو (پاکستان) لمیٹڈ ("کمپنی") اس بات کی مجاز ہے اور بذریعہ ہذا اسے مجاز بنایا جاتا ہے کہ اپنی سالانہ رپورٹ بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ، چیئرمین جائزہ رپورٹ اور اس میں شامل دیگر رپورٹس اپنے ممبران کو بذریعہ کارآمد کیو آر کوڈ اور ویب لنک ارسال کرے۔"

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134 کے تحت مزکورہ بالا آئٹم نمبر 4 سے متعلق بیان نوٹس ہذا کے ساتھ اراکین کو ارسال کیا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ
(منصور احمد)
کمپنی سیکرٹری

کراچی: 29 اگست 2024

نوٹس:

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 20 ستمبر 2024 تا 27 ستمبر 2024 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ تاہم کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو (FAMCO) شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی (ایف ایس آر) کو آخری کاروباری دن 19 ستمبر 2024 تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو بروقت تصور کیا جائے گا اور وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ڈیویڈنڈ حاصل کرنے کیلئے اہل تصور ہونگے۔

2۔ **سالانہ اجلاس عام میں ذاتی طور پر یا بذریعہ ویڈیو لنک حاضری:**

سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع حاضری کا بندوبست درج ذیل طریقے سے ہوگا:

1۔ ایسے ممبران جو کہ اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان کو زوم اپلیکیشن ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

2۔ ایسے ممبران جو کہ بذریعہ زوم (Zoom) کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہاں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکرٹری کے آفس میں اپنی رجسٹریشن کروالیں اور اس سلسلے میں سالانہ اجلاس عام شروع ہونے سے کم از کم 24 گھنٹے قبل (یعنی 26 ستمبر 2024 تک قبل از شام 3:30 بجے) درج ذیل ذرائع سے اپنی مندرجہ ذیل معلومات فراہم کردیں:

الف) موبائل/واٹس ایپ: 0315 5008228
ب) ای میل: mansoor@lakson.com.pk

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ اپنا نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل آئی ڈی برائے شناخت تحریر کریں۔

دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات ملنے کے بعد کمپنی کی جانب سے ان کے ای میل ایڈریس پر لاگ ان کرنے سے متعلق معلومات فراہم کردی جائیں گی۔ سالانہ اجلاس عام کے دن ایسے شیئر ہولڈرز اپنے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں شرکت کرسکتے ہیں۔

مذکورہ بالا ذرائع کے ذریعے شیئر ہولڈرز اجلاس میں شرکت کے دوران مجوزہ ایجنڈے کے بارے میں اپنی آراء/تجاویز بھی دے سکتے ہیں۔

3۔ پراکسیز مقرر کرنے کی شرائط

1۔ کوئی بھی ایسا ممبر جو کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کا اہل ہو اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا ہے جو کہ اس کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے، اظہار رائے کرے اور حق رائے دہی استعمال کرے۔ اصل ممبر کی طرح پراکسی کو بھی اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار رائے کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے حقوق حاصل ہونگے۔ پراکسی کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کا ممبر ہو۔

2۔ کوئی بھی کاروباری ادارہ، بطور ممبر، اپنی جانب سے کسی شخص کو نمائندہ مقرر کرسکتا ہے، خواہ پراکسی مقرر کیا جانے والا شخص کمپنی کا ممبر ہو یا نا ہو۔ بصورت کاروباری ادارہ، بطور ممبر، کمپنی کی جانب سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نمائندہ شخص کے نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کے پاس جمع کروادیے جائیں۔

3۔ پراکسی حضرات سے گزارش ہے کہ بوقت اجلاس اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ظاہر کریں۔

4۔ پراکسی فارمز کے قابل قبول ہونے کیلئے لازم ہے کہ ان فارمز کو باقاعدہ پر کیا گیا ہو اور اجلاس شروع ہونے سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے (علاوہ تعطیلات) پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر بمقام لیکسن اسکوائر، بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں جمع کروادیں۔

5۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط کئے جائیں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہونا لازم ہے۔ پراکسی فارم کے ساتھ مستفید ہونے والے مالک کے ساتھ پراکسی کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول یا کارمد پاسپورٹ کی نقول بھی لازماً جمع کروائی جائیں۔

4۔ حصص یافتگان کے پتے/دیگر معلومات

1۔ ایسے ممبران جن کے پاس کمپنی حصص کا غذی (فزیکل) صورت میں موجود ہوں، اگر ان کے پتے یا دیگر کوائف میں کسی بھی قسم کی کوئی تبدیلی واقع ہوئی ہو تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر اس سے مطلع کریں۔ بصورت الیکٹرانک حصص، ممبران اپنے پتے میں تبدیلی سے اپنے شراکت دار یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروس کو مطلع فرمائیں۔

2۔ ایسا کوئی بھی ممبر جو کہ اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان کے پاس جمع کرواچکا ہے اس پر لازم ہے کہ اپنا شراکتی آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر معہ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت ہمراہ ضرور لائیں۔

5۔ ای میل/موبائل فون نمبر کی تجدید

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل پرویژن اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 19 کے تحت تمام حصص یافتگان

اگست میں ایل پی جی 237 روپے کلو تھی اب 244 روپے ہوگئی ہے

ڈیزل اور پٹرول کی طرح ایل پی جی کی قیمت بھی کم کی جاتی

کراچی (کامرس رپورٹر) اوگرا نے ایل پی جی فی کلو قیمت میں 6 روپے 99 پیسے کا اضافہ کردیا اور اس اضافے سے فی کلو قیمت 243.99 روپے پر پہنچ گئی ماہ اگست میں ایل پی جی کی فی کلو قیمت 237 روپے تھی۔

اس ضمن میں کراچی ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے صدر عمران فاروقی نے بتایا کہ اوگرا کو موجودہ حالات میں گیس کی قیمت میں اضافے سے گریز کرنا چاہیے تھا، عوام پہلے ہی مہنگائی کی وجہ سے پریشان ہیں اور غریب کے گھر کا چولہا ٹھنڈا ہوچکا ہے جبکہ کاروباری حالات بھی پریشان کن ہیں انھوں نے کہا کہ عالمی مارکیٹ کی طرح ملک بھر میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم ہوئی اسی طرح ایل پی جی کی قیمت میں بھی 10 سے 15 روپے فی کلو کمی کی جاتی لیکن اوگرا نے قیمت کم کرنے کے بجائے اس میں اضافہ کردیا عمران فاروقی نے وزیراعظم میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ اوگرا کو نہ صرف ایل پی جی کی قیمت میں کیا گیا اضافہ واپس لینے کے احکامات دیں بلکہ قیمت میں کمی کا اعلان کیا جائے۔

ادیبوں وصحافیوں کا خواب پورا کرنیکی کوشش کررہے ہیں

امتیاز بخاری

رائٹرز گلڈز کوآپریٹو سوسائٹی کے اجلاس میں عہدیداران والاٹیز کی شرکت

کچھ عناصر زمین پر قابض ہونے کا خواب دیکھ رہے تھے پورا نہیں ہونے دیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان رائٹرز گلڈز کوآپریٹو سوسائٹی لمیٹڈ کی جنرل باڈی اجلاس سائیٹ آفس A-51 سیکٹر اسکیم 33 کراچی میں ہوا جس میں کمپنی کے عہدیداران اور ممبران الاٹیز کی بڑی تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر سید امتیاز الحق بخاری، افتخار فرید، ملک محمد اجمل، ایم اقبال، فرید احمد مون، کے علاوہ سینئر صحافی امتیاز خان فاران، سعید خاور، عبدالحفیظ انصاری، کمپیئر علی رضا، بلیل کانگا، عبدالوسیع قریشی، ایڈیٹر جی اے خان، وسیم اے خان ودین محمد انصاری، عثمان بیگ، دی نیوز اخبار یونین کے جنرل سیکرٹری دار اظفر اور پروفیسر ڈاکٹر شاداب احسانی سمیت دیگر قلمکار صحافی موجود تھے، سید امتیاز الحق بخاری نے کہا کہ اپنا گھر سب کی خواہش ہوتی ہے ہم قلمکار ادیب شاعر وصحافی بھائیوں کے برسوں کا خواب پورا کرنے کی کوشش کررہے ہیں ہم سابقہ رجسٹرار ضمیر عباسی کے بے حد مشکور ہیں جن کی کاوشوں سے اپنی زمین کے معاملات تعاون رہا اور یونیو ڈپارٹمنٹ کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کچھ عناصر ہیں جو زمین پر قابض ہونے کا خواب دیکھ رہے تھے جن کو پورا نہیں ہونے دیں گے، تمام الاٹیز کا کہنا تھا کہ ہم کسی سے لڑنا نہیں چاہتے ہمارا حق ہمیں دیا جائے یہ ہماری زندگی کی جمع پونجی ہے۔

پاکستان رائٹرز گلڈز کوآپریٹو سوسائٹی کے اجلاس کے موقع پر لیا گیا گروپ

ڈکیت کی شناخت احترام اللہ کے نام سے ہوئی، واردات کی فوٹیج حاصل کرلی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہریوں نے جنرل اسٹور میں ڈکیتی کی کوشش ناکام بنادی، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ان کا اپنا ہی ساتھی زخمی ہوگیا جو پکڑا گیا، تفصیلات کے مطابق سچل تھانے کے علاقے ابوالحسن اصفہانی روڈ پر چیپل پلازہ میں جنرل اسٹور پر ڈکیتی کی نیت سے 3 ڈکیت پہنچے جن میں سے 2 ڈکیت جنرل اسٹور کے باہر کھڑے رہے جبکہ ایک ڈکیت جنرل اسٹور میں داخل ہوا تو اسے دیکھ کر شہریوں نے شور مچادیا اور پکڑنے کی کوشش کی جس پر جنرل اسٹور میں موجود ڈکیت بھاگا تاہم اس دوران باہر کھڑے ایک ڈکیت نے فائرنگ کردی جس سے اس کا اپنا ساتھی ٹانگ پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا جسے شہریوں نے پکڑ لیا جبکہ اس کے ساتھی فرار ہوگئے، پولیس نے زخمی ڈکیت کو گرفتار کرکے علاج کے لیے اسپتال منتقل کردیا، ایس ایچ او سچل اورنگزیب خٹک کے مطابق زخمی ڈکیت کی شناخت 40 سالہ احترام اللہ ولد تنویر کے نام سے کی گئی ہے، پولیس نے واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرلی ہے جس میں (باقی صفحہ 5۔ نمبر 69)

پریمیئر کرکٹ لیگ (ایس پی ایل) کے وفد نے مہر ہاؤس کراچی میں ملاقات کی، اس موقع پر سندھ پریمیئر لیگ، صوبے میں کرکٹ ٹیلنٹ کو فروغ دینے اور کرکٹ انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، سندھ حکومت اور سندھ پریمیئر کرکٹ لیگ کا کرکٹ اسٹیڈیمز کی تیاری کے لیے مشترکہ منصوبوں پر بھی اتفاق کیا گیا، سندھ حکومت نے سندھ پریمیئر کرکٹ لیگ کے وفد کو کراچی یا حیدرآباد میں کرکٹ کرانے کی تجویز دی، وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ ایس پی ایل کے قطر یا سندھ میں کرانے کا فیصلہ وزیر اعلیٰ سندھ سے مشاورت کے بعد کیا جائے گا۔

خواہ ان کے پاس حصص فزیکل یا سی ڈی سی کی صورت میں ہوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے فرزیکل کوائف یا سی ڈی سی میں اپنے موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریس کی تجدید کروالیں۔

6۔ الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، لسٹڈ کمپنیوں کیلئے لازم ہے کہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد ڈیویڈنڈ صرف بذریعہ الیکٹرانک ذرائع ان کے بینک اکاؤنٹس میں ٹرانسفر کئے جائیں جو کہ ان کی جانب سے اس سلسلے میں مختص کئے گئے ہیں۔

ایسے امیدوار جن کے پاس کمپنی کے حصص کاغذی (فزیکل) صورت میں موجود ہیں، اپنے نقد ڈیویڈنڈ اپنے بینک اکاؤنٹس میں وصول کرنے کیلئے، شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم کو باقاعدہ پر کرنے کے بعد اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار میسرز فیمکو (FAMCO) شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کروادیں۔

اور اگر شیئر ہولڈرز کے پاس کمپنی کے حصص سی ڈی سی کی صورت میں ہیں تو الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم براہ راست اپنے بروکر/شراکت دار/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروائیں۔ اگر سی ڈی سی اکاؤنٹ یا شیئر ہولڈر کے فزیکل فولیو میں IBAN نمبر ڈلوادیا گیا ہے یا اس کی تجدید کروادی گئی ہے تو مزید کسی کاروائی کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر IBAN نمبر سے متعلق معلومات فراہم نہیں کی گئی ہیں تو کمپنی شیئر ہولڈر کے ڈیویڈنڈ روکنے پر مجبور ہوگی۔

7۔ ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں پر انکم ٹیکس درج ذیل تناسب سے منہا کئے جائیں گے:

1۔ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ظاہر ہونے والے شیئر ہولڈرز (ATL): 15%
2۔ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ظاہر نا ہونے والے شیئر ہولڈرز (ATL): 30%

(i) ایسے شیئر ہولڈرز جن کے نام ٹیکس دہندگان ہونے کے باوجود ایف بی آر کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ظاہر نہیں ہورہے ہیں ان سے گزارش ہے کہ اپنے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں داخل کراوئیں تاکہ کمپنی 30% کے بجائے 15% کے تناسب سے ان کے ڈیویڈنڈ سے ٹیکس کی کٹوتی کرے، بصورت دیگر ان کے ڈیویڈنڈ سے 30% کے تناسب سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

(ii) اگر کوئی ممبر ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کا مدعی ہو تو اسے فیمکو (FAMCO) شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس بک کلوزر کے پہلے دن تک کسی مجاز عدالت سے جاری شدہ استثناء سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگا۔

(iii) علاوہ ازیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے جاری شدہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس پرنسپل شیئر ہولڈر پر فائلر/نان فائلر اسٹیٹس کے حساب سے لاگو ہوگا اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز پر ٹیکس کا یہ نفاذ ان کے حصص کے تناسب سے ہو، اگر جوائنٹ اکاؤنٹس ہوں۔

اس سلسلے میں جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس درج ذیل خاکے کے مطابق پرنسپل شیئر ہولڈر کے ساتھ اپنے شیئر کی شراکت کے تناسب کو تحریری طور پر جمع کروادیں (اگر یہ معلومات پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہوں):

کمپنی کا نام	فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
			نام و کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئرز کا تناسب	نام و کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئرز کا تناسب

مطلوبہ معلومات شیئرز رجسٹرار کو نوٹس ہذا کے دس دنوں کے اندر اندر فراہم کرنا لازم ہے، بصورت دیگر یہ تصور کرلیا جائے گا کہ شیئرز کا تناسب پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئرز ہولڈرز کے مابین برابر ہے۔

(iv) مزید معلومات/سوالات کیلئے انویسٹرز کمپنی سیکرٹری سے فون نمبر: 0000 3840 اور ای میل ایڈریس: mansoor@lakson.com.pk پر رابطہ کرسکتے ہیں یا فیمکو (FAMCO) شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ بمقام 8-F، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی، فون نمبر: 5 - 0101 3438 اور 3-84621 343 اور ای میل ایڈریس: info.shares@famcosrs.com پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

(v) کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جن کے پاس سی ڈی سی اکاؤنٹس ہوں ان سے گزارش ہے کہ اپنے متعلقہ شراکت دار کے اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی تجدید کروالیں، جبکہ ایسے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جن کے پاس حصص کاغذی (فزیکل) صورت میں موجود ہیں ان کو چاہیئے کہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر یا این ٹی این سرٹیفکیٹ، جیسی بھی صورت ہو، فیمکو (FAMCO) شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کروادیں

(vi) اپنا این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹ ارسال کرتے وقت حصص یافتگان کمپنی کا نام اور فولیو نمبر لازماً تحریر کریں۔ این ٹی این نمبر کے بغیر کمپنی اس پوزیشن میں نا ہوگی کہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں نام کو تلاش کیا جاسکے اور اس صورت میں دیگر کیٹگری کے حساب سے 30% کے تناسب سے ٹیکس کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

8 ۔ زکوۃ سے استثنی

ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر ادا شدہ ویلیو فی حصص 10 روپے کے حساب سے 2.5% زکوۃ منہا کی جائے گی، اور یہ زکوۃ مجوزہ طریقہ کار کے مطابق متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کروادی جائے گی۔ اگر کسی ممبر کی جانب سے زکوۃ کٹوتی سے متعلق استثنی کا دعوی ہے تو زکوۃ وعشر آرڈیننس 1980 اور زکوۃ (ڈیڈکشن اینڈ ری فنڈ) رولز 1981 کے رول نمبر 4 کے تحت اپنا زکوۃ ڈیکلریشن جمع کروادیں۔ اگر حصص یافتگان کے پاس حصص فزیکل صورت میں موجود ہیں تو اپنا زکوۃ ڈیکلریشن فارم CZ-50 پر کمپنی کے پاس جمع کروادیں جس پر ممبر کا نام اور فولیو نمبر درج ہونا لازم ہے۔ بصورت بک انٹری فارم ممبران اپنا زکوۃ ڈیکلریشن براہ راست سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز/سی ڈی سی شراکت دار/اسٹاک بروکرز کے پاس جمع کروائیں جس ممبر کا نام اور سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر درج ہونا لازم ہے۔

9۔ ای ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018، ترمیم شدہ بمطابق 5 دسمبر 2022، کی رو سے کمپنی کی جانب سے امور خصوصی کے ضمن میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع ممبران کو حق رائے دہی استعمال کرنے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ای ووٹنگ سے متعلق معلومات کمپنی کے ان ممبران کو فراہم کردی جائیں گی جن کا کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل فون نمبر، ای میل ایڈریس اس دوران کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہونگے۔ بطور متبادل ممبران بذریعہ ڈاک بھی حق رائے دہی استعمال کرسکتے ہیں، پوسٹل بیلٹ کو نوٹس ہذا کے ساتھ شائع کیا جارہا ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی اسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 سے 145 کے مطابق بھی اپنے حق رائے دہی کو استعمال کرنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔

10۔ غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ

کمپنی کی ویب سائٹ www.colgate.com.pk پر غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈز/شیئرز کی تجدید شدہ فہرست دستیاب ہے۔ یہ غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈز اور شیئرز واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین سال کے عرصے کے دوران اب تک ادا نہیں کیے گئے۔

کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود کلیم فارمز پر ممبران کی جانب سے ان ڈیویڈنڈ کی وصولی کیلئے درخواست دی جاسکتی ہے۔ ان ڈیویڈنڈ کی وصولی کیلئے کلیم فارمز کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

11۔ فزیکل حصص کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقلی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی جانب توجہ مبذول کروانے کیلئے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ایک لیٹر بحوالہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021 ارسال کیا گیا ہے، جس کی رو سے تمام کمپنیوں پر لازم ہے کہ انکی جانب سے ممبران کو کاغذی (فزیکل) صورت میں جاری کردہ حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کیا جانا لازم ہے اور یہ منتقلی ایکٹ کے 2017 میں نفاذ سے چار سال کے عرصے کے اندر اندر کی جانی لازم ہے۔

مزکورہ بالا سیکشن 72 پر مکمل عمل درآمد کیلئے اور بک انٹری کی صورت میں شیئرز کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے، ایسے تمام ممبران جن کے پاس حصص ابھی تک کاغذی (فزیکل) صورت میں موجود ہیں سے گزارش ہے کہ اپنے حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کروالیں۔

12۔ پراکسی فارم اور بیلٹ پیپر سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہیں جو ممبران کو ارسال کی جارہی ہیں، نیز یہ فارم اور بیلٹ پیپر کمپنی ویب سائٹ www.colgate.com.pk پر بھی دستیاب ہیں۔

2/Sep/2024, Monday